

سبق-1

حمد پاک

عنایاتِ رحمٰن کی



بنام خدا ہم نے کی ابتدا
جو ہے مہرباں ، رحم والا بڑا

ہیں کیا کیا عنایات رحمٰن کی — اسی نے دی تعلیم قرآن کی
اسی نے یہ انسان پیدا کیا — اسی نے سکھایا اسے بولنا
جو ہیں آسماں پہ مہ و آفتاب — مقرر ہے چلنے کا ان کے حساب
ہیں برگ وشجر زینتِ گلستاں — اسی کی ثنا میں ہیں رطب اللساں
خدا کے فضائل کروں کیا بیاں — کیے ہیں اسی نے بلند آسماں
اسی نے بنائی ہے میزان یہ — ہے انصاف کی ایک پہچان یہ
پرکھ اس میں رکھی ہے ایمان کی — کہ حد سے نہ آگے بڑھے کوئی بھی
ہدایت ہے تم تول میں ٹھیک دو — کم وبیش اس میں نہ ہرگز کرو
زمیں کو اسی نے ہے پیدا کیا — کہ جس پر رہے ساری خلق خدا
کھجور اور پھل کے ہیں پودے یہاں — غلافوں میں خوشے ہیں جن کے یہاں
اسی پر وہ غلّے بھی پیدا ہوئے — نہاں جن کے چھلکوں میں دانے کیے
حسیں پھول بھی ہیں لگے چار سو — کہ پھیلی ہے جن کی مہک کو بہ کو

پھر، اے انس وجاں دیکھ رب کی عطا
تو کس کس عنایت کو جھٹلائے گا

● مسعود عظیم آبادی

پڑھیے اور سمجھیے

حمد :اس نظم کو کہتے ہیں جس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف اور توصیف بیان کی جائے

مشکل الفاظ کے معانی

لفظ	معنیٰ
حمد	اللہ تعالیٰ کی بڑائی
رحمٰن	رحم کرنے والا (اللہ کی صفات میں سے ایک صفت)
ابتدا	شروعات
عنایات	عنایت کی جمع، بخشش
رطب اللسان	تعریف میں مشغول
مہ و آفتاب	چاند اور سورج
میزان	ترازو
برگ و شجر	پتے اور درخت
نہاں	اندر، پوشیدہ
زینت	خوبصورتی
کوبہ کو	ہر طرف
ثنا	تعریف
انس و جاں	انسان، ذی روح

1.	درج ذیل سوالات کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں، صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے

(i) حمد کے پہلے شعر میں خدا کی کون سی صفت بیان کی گئی ہے؟

(الف) مہربانی (ب) رحم

(ج) دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

(ii) سورج اور چاند کے چلنے کا حساب کس نے مقرر کر رکھا ہے؟

(الف) سائنسدانوں نے (ب) حکمرانوں نے

(ج) خدا نے (د) کسی نے نہیں

(iii) اس نظم میں لفظ 'بلند' آیا ہے درج ذیل میں بلند کی ضد کیا ہے؟

(الف) نیچا (ب) پست

(ج) نشیب (د) اونچا

(iv) صحیح تولنا کس صفت کو ظاہر کرتا ہے؟

(الف) بہادری کو (ب) انکساری کو

(ج) وفاداری کو (د) ایمانداری کو

(v) کس طرح کی نظم کو 'حمد' کہتے ہیں؟

(الف) جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف ہو

(ب) جس میں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی تعریف ہو

(ج) جس میں اللہ کی تعریف ہو

(د) جس میں خدا اور رسولؐ دونوں کی تعریف ہو

2.	سوچئے اور بتائیے

(i) حمد کسے کہتے ہیں۔ اس حمد کے شاعر کون ہیں؟

(ii) قرآن کی تعلیم کس نے دی؟

(iii) پہلا شعر کس آیت کا ترجمہ ہے، عربی میں لکھیں

(iv) خدا نے پیائش کے لئے کیا بنائے اور ہمیں ناپ تول کے بارے میں کیا حکم دیا گیا ہے؟

(v) خدا کی تعریف میں کون رطب اللسان ہے؟

(vi) خدا اپنی قدرت اور حکمت میں بے مثال ہے، سمجھائیں۔

(vii) کسی پانچ نعت گو شاعروں کے نام لکھیں۔

3. واحد سے جمع بنائیں

عنایت	تعلیم	فضیلت	ہدایت	خلق	عطیہ
صفت	ورق	شجر			

4. مصرعے کے صحیح جوڑے ملائیں

ہیں کیا کیا عنایات رحمٰن کی	کم وبیش اس میں ہر نہ گز کرو
خدا کے فضائل کروں کیا بیاں	کہ پھیلی ہے جن کی مہک کو بہ کو
ہدایت ہے تم تول میں ٹھیک دو	کہ حد سے نہ آگے بڑھے کوئی بھی
حسیں پھول بھی ہیں گئے چار سو	اسی نے دی تعلیم قرآن کی
پرکھ اس میں رکھی ہے ایمان کی	کئے ہیں اسی نے بلند آسماں

سمجھئے اور کیجئے

اس حمد میں ایک لفظ گلستاں، آیا ہے، جو اسم ظرف کی مثال ہے

اسم ظرف اس اسم کو کہتے ہیں جس سے کسی جگہ، اور وقت کو سمجھا جائے۔

جیسے، باغ، عجائب گھر، شام، صبح وغیرہ۔

درج ذیل الفاظ میں سے اسم ظرف کو چن کر کاپی پر لکھئے۔

کرسی گلشن ، امتحان ، بھائی، چڑیا گھر، خوبصورت، شریف

ڈاکخانہ، امام باڑہ، دِلّی، باغیچہ، ہاتھی، اصطبل ، رکشہ

عملی سرگرمی

1۔ یہ نظم خدا کی تعریف وتوصیف سے متعلق ہے۔ ایسی تین نظموں کو جمع کیجئے اور اپنے دوستوں کو سنائیے۔

2۔ قرآن پاک سے سورہ رحمٰن کا ترجمہ نقل کر کے لائیں۔